اختیاری ماڈیول نمبر 3B　　سبق نمبر 32 B اشتہار تیار کرنا

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				عملی کام/سرگرمیاں
		سننا/ بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/ قواعد	
32B	اشتہار تیار کرنا	روزمرہ زندگی کے ہر شعبے میں اردو زبان استعمال کرنا	اشتہار تیار کرنا	سوالات کے جوابات	اشتہار تیار کرنا	اشتہار تیار کرنے کا مطالعہ کرنا

اشتہار تیار کرنے کا تعارف :

ہر کمپنی اپنے پروڈکٹ کی تشہیر کرتی ہے۔ کمپنی اپنے اشتہارات مشہور و معروف اخبارات اور رسائل کے ساتھ ساتھ الکٹرانک میڈیا، ماس میڈیا کر دیتی ہے۔ اشتہارات میں کم سے کم الفاظ میں اہم و مفید باتیں عوام کو بتایا جاتا ہے۔ جس سے اس پروڈکٹ کی اچھائیاں نمایاں ہوتی ہے۔ اور پروڈکٹ عوام خریدتے ہیں۔ جس سے کمپنی کو فائدہ پہنچتا ہے۔ اشتہار تیار کرنا ایک اہم فن ہیں۔ اشتہارات میں تصاویر کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اشتہار میں پروڈکٹ کی خصوصیات کو جلی حرفوں میں لکھا جاتا ہے۔

صحافت بحیثیت تجارت :

موجودہ دور میں صحافت کو ایک تجارتی حیثیت حاصل ہو چکی ہے۔ دن بدن اخبارات، رسائل، الکٹرانک میڈیا اور ماس میڈیا کی مقبولیت نے صحافت کو خوب ترقی دی ہے۔ اس لئے اس مقام کو قائم رکھنے کے لئے اسکے ڈھانچے کو اپڈیٹ کیا گیا ہے۔ اب اخبارات، رسائل وغیرہ نکالنے کے لیے مختلف قسم کے اخراجات کرنے ہوتے ہیں۔ کسی بھی تجارت کو کامیابی کے ساتھ چلانے کے لئے سرمایے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اچھے تجربہ کار ماہر کارگر کی ضرورت ہوتی ہے۔

اخبار یا رسالے کا آفس کرایے پر نہ ہو۔ یہ شہر کے وسط میں ہونا چاہیے۔ آفس سے پوسٹ آفس، ریلوے اسٹیشن، بس اسٹیشن اور ہوائی اڈا قریب ہو۔ تاکہ عوام سے رابطہ با آسانی ہو۔

تجارتی شعبہ :

صحافتی تجارت کی باریکیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے۔ اخبار و رسالے کی انتظامیہ کو تین شعبوں میں منقسم کیا جاتا ہے۔

شعبۂ ادارت Editorial Section

شعبۂ تجارت Business Section

شعبۂ طباعت Print Section

اس تیسرے شعبے کو میکینیکل سیکشن بھی کہا جاتا ہے۔ اس شعبے کا اصل مقصد ہی ہوتا ہے کو وہ اخبار لگائی لاگت کے ساتھ منافع حاصل کرنے کی جدوجہد کرتے رہے۔ فروخت میں اضافہ ہو اس طرف توجہ دی جاتی ہے۔

اشتہار کی اہمیت وافادیت :

آج کا دور مقابلہ آرائی کا دور ہے۔ یہاں ایک ہی قسم کی چیزوں کو مختلف افراد فروخت کرتے ہیں۔ اور ہر کوئی اپنی چیز زبانی یا تحریری صورت میں تعریف و توصیف بیان کرتا ہے۔ تاکہ ان

کی جانب لوگوں کو راغب کیا جاسکے۔ آپ نے گاڑیوں یا دیگر چیزوں کے آگے یا پیچھے اس کمپنی کا ایک خاص انداز میں نام یا لوگو دیکھا ہوگا۔ اس طرح کی کوشش کو صحافت کی زبان میں اشتہار یا Advertising And Publicity کہتے ہیں۔ جن اخبارات میں جتنے زیادہ اشتہارات ہوتے ہیں۔ اسکی پبلیسٹی اتنی ہی زیادہ ہوتی ہے۔

صنعت کاروں کی بنائی ہوئی اشیاء کو بازار مشہرت دلانے اور اخبار کی آمدنی میں اضافہ کرنے میں اشتہار کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے خود اشتہار نویسی ایک باقاعدہ فن بن گیا ہے۔ اب وہی اخبار مشتہر یا ایڈورٹائزر کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ کاپی رائٹر اپنے تجربے اور تصورات سے کسی ایک اشتہار کا ایسا نقشہ کھینچتا ہے۔ جس سے قاری کو وہ پوری طرح متوجہ کرلے۔ یہ ایک ذہنی فن ہے۔ اشتہار کے خاکے کو صحافتی زبان میں لے آؤٹ Layout کہتے ہے۔ اس مسودے میں تصویر کا ہونا ضروری نہیں۔ اس میں ایک سلوگن، قول یا چند سطریں بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔

مرکزی حکومت کی وزارت اطلاعات و نشریات کے زیر انتظام چلنے والی ڈائریکٹریٹ آف آڈیو ویژول پبلسٹی Directorate Of Audio Visual Publicity ہندوستان کی سب سے بڑی خبریں رساں ایجنسی ہے۔

سیکھنے کی باتیں :

صحافت میں اشتہارات کی ضرورت کو سمجھنا ضروری ہے۔ کیوں کہ آج کا دور تجارتی مقابلہ آرائی کا دور ہے۔ اخبار و رسالے اشتہارات شائع کرتے ہیں۔ جس انکی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ نیز اخبار و رسالے شہرت بھی حاصل کرتے ہیں۔ اشتہار تیار کرنا ایک ذہنی فن ہے۔ چند لفظوں یا جملوں میں کسی خاص پروڈکٹ کی خصوصیات اچھائیاں یا خوبیوں اس طرح بیان کرنا کہ عوام اس جانب پوری طرح متوجہ ہو جائیں۔ اشتہار تیار کرنے کے لئے کاپی رائٹر منتخب کئے جاتے ہیں۔ صحافت کی زبان میں مسودے کی ترتیب کو لے آؤٹ Layout کہتے ہیں۔ اس میں تصاویر نہ بھی ہو تو قول، سلوگن، جملے یا اشعار کا مؤثر استعمال کرسکتے ہیں۔ اخبار یا رسالے کا آفس خود کا شہر کے درمیان میں ہونا چاہئے۔

خاص باتیں :

اس سبق میں خاص باتیں بتائی گئی ہے۔ اشتہار تیار کرنا ایک فن ہے۔ صحافت بھی تجارتی شعبہ بن چکی۔ کمپنی کو اپنے پروڈکٹ کی خوبیاں، اچھائیاں اور خصوصیات عوام کو مؤثر طریقے سے بتانے کے لئے اشتہار کی ضرورت پیش آتی ہے۔ جس سے انکے پروڈکٹ کی فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اشتہار تیار کرنے کے لئے کاپی رائٹر منتخب ہوتے ہیں۔ وہ اپنے تخیل و تصور سے ایک مؤثر، دلکش نقشہ کھینچتے ہیں۔ جو عوام کو اپنی جانب راغب کرے۔ ڈائریکٹریٹ آف آڈیو ویژول پبلسٹی یہ ہندوستان کی سب سے بڑی خبریں رساں ایجنسی ہے۔

متن پر مبنی سوالات

ذیل کے سوالات میں خالی جگہ کو متن میں آئے مناسب الفاظ سے بھریئے

1- پہلے زمانے میں اخبارات اور رسالے ---------- نکالے جاتے تھے۔

(انتقام لینے کے لیے، خوف زدہ کرنے کے لیے، شوق پورا کرنے کے لیے)

2- اب تقریباً ہر اخبار ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے طور پر شائع ہوتا ہے۔

(منافع بخش تجارت، مہم جوئی، تحریک، انسانی خدمت)

مختصر جواب کا سوال

صحافت ایک تجارتی شعبہ ہے۔ اسکی تشریح کیجئے؟

مختصر جواب کا سوال

کوئی ایک اشتہار کا نمونہ تیار کیجئے۔

مفصل جواب کا سوال

اخبار یا رسالے میں اشتہار کی اہمیت وافادیت بیان کیجئے؟